جلد ۴۱ — نمبر (۲۰)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	عطائے لقب (علاقہ دار)	۱
۲	تقرر صاحبزادہ سید محمد [illegible] علیخان بہادر بعہدہ ممبری کونسل خاندان۔	۱ و ۲
۳	رخصت [illegible]	۲
۴	[illegible]	۲
۵	[illegible] سکریٹری بہادر بابت مدارس [illegible]۔	۲ و ۳
۶	[illegible]	۳
۷	رخصت [illegible] شاہ آباد۔	۳
۸	[illegible] صاحبان [illegible] سماعت مقدمات۔	۴
۹	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

لقب

۵ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات۔ درباره عطائے لقب (علاقہ دار) بہ صاحبزادہ سید عبد الغنی خان بہادر نائب علاقہ دار شاہ پور و دارے ماہوار حسب رپورٹ ایگزیکٹیو انجینیر صاحب تھا۔

حکم

رپورٹ منظور ہے۔ صاحبزادہ سید عبد الغنی خان بہادر نائب علاقہ دار کو علاقہ دار کے نام سے ملقب کیا جائے کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات انہا

صدور ہے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۸ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

تقرر بعہدہ ممبری

کونسل خاندان مین ایک مقدمہ فوجداری زیر دفعہ (۴۲۰) تعزیرات ہند دائر ہے جسمین صاحبزادہ سید محمد علیخان بہادر عرف ... صاحب ممبر کونسل خاندان مدعی ہین۔ اسوجہ سے وہ اس مقدمہ کی سماعت کے قانوناً مجاز نہین۔ ضرورت ہے کہ کونسل خاندان مین ممبران کی تعداد زیادہ کیجائے تاکہ ایسے موقعون پر کوئی دقت نہ پیش آئے۔ لہذا صاحبزادہ سید قدرت علیخان بہادر کو مستقل طور پہ

ممبر کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ممبر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ واصلباقی نویس صدر معتمد حاکم صاحب صدر درباره منظوری رخصت مزید ۱۵ یوم منشی بھگوتی پرشاد اہلمد تحصیل سررشتہ واصلباقی نویس صدر از ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء بعوض شب نراین بعطائے دس روپیہ تنخواہ۔

(حکم)

ملاحظہ ہوا۔ رخصت مزید ۱۵ یوم من ابتدا ۲۴ اپریل لغایتہ ۸ مئی سنہ ۱۹۲۹ء منشی بھگوتی پرشاد اہلمد سررشتہ بعوض مجوزہ واصلباقی نویس صدر بشاہرہ دس روپیہ حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ممبر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

چند سال سے امتحان وکلا ملتوی ہے۔ اب چونکہ چند وکلا کے نام بوجہ فوتی وغیرہ خارج ہوگئے ہیں۔ اور چند وکلا مشروط بہ امتحان ہیں اس لئے امتحان وکلا ہونا مناسب ہے جس کے لئے حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) مارچ سنہ ۱۹۳۰ء میں امتحان ہوگا۔

(۲) حسب ذیل کتب میں امتحان ہوگا۔

(الف) صیغہ مال
آئین جاگیر۔ دستور جاگیر۔ ضوابط جاگیر مع قواعد جاگیر
قانون قبضہ آراضی صوبہ متحدہ ایکٹ ۲ سنہ ۱۹۰۱ء
قانون مالگزاری ایکٹ ۳ سنہ ۱۸۹۹ء۔
قانون رسوم عدالت ایکٹ ۷ سنہ ۱۸۷۰ء۔
قانون اسٹامپ ہند ایکٹ ۲ سنہ ۱۸۹۹ء

(ب) صیغہ دیوانی
غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار کتاب الدعویٰ و کتاب الشہادۃ و کتاب البیوع و کتاب النکاح و کتاب الرہن و کتاب الہبہ و کتاب المیراث
ضابطہ دیوانی اصول دھرم شاستر مؤلفہ منگناتھن ابواب میراث۔
قانون سارٹیفکٹ قرضہ جاتی ایکٹ ۷ سنہ ۱۸۸۹ء
قانون سارٹیفکٹ ولایت ایکٹ ۸ سنہ ۱۸۹۰ء

(ج) فوجداری
مجموعہ تعزیرات ہند۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری۔

(د) متفرقات
قانون رجسٹری ریاست رامپور۔
قانون رجسٹری ہند ایکٹ ۱۶ سنہ ۱۹۰۸ء۔
قانون شہادت ایکٹ ۱ سنہ ۱۸۷۲ء

(۳) جو اشخاص امتحان میں شریک ہونا چاہیں انکو لازم ہے کہ یکم جنوری سنہ ۱۹۳۰ء تک درخواست شرکت امتحان صاحب ڈسٹرکٹ سشن جج ریاست ہذا کی خدمت میں پیش کریں۔ درخواست مذکور میں اُس درجہ کی تصریح کیجائے جسمیں درخواست کنندہ امتحان دیتا ہے۔ نیز درخواست کنندہ کا نام و ولدیت و قومیت و سکونت وغیرہ تحریر کیجائے اور درخواست مذکور کے ساتھ اُس درجہ کی فیس شرکت امتحان (جس درجہ میں امتحان دیتا ہو) داخل کیجائے۔ فیس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

درجہ اول [illegible] درجہ دوم [illegible] درجہ سوم [illegible]

درخواست کے ساتھ ایک سارٹیفکٹ جسکا نمونہ منسلک روبکار ہذا ہے۔ معتمد کسی مجسٹریٹ یا منصف یا عہدہ دار کا جو تحصیلدار سے کم درجہ کا نہ ہو پیش کیا جائیگا۔

(۴) تاریخ ہائے امتحان اور طریقہ امتحان بعد ازیں مقرر کر کے شائع کئے جائینگے۔ لہذا

حکم ہے کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل جملہ عدالتہائے شہر و اضلاعات کو بھیجی جائے۔ اور دو ہفتہ تک گزٹ سرکاری میں شائع کیا جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نمونہ سارٹیفکٹ

میں (یہاں نام حاکم یا عہدہ دار تصدیق کنندہ بقید عہدہ ہونا چاہئے) تصدیق کرتا ہوں کہ مسمی ولد ساکن کا ہے اور عمر اسکی سال ہے نامبردہ نیک و خوش رویہ ہے۔ اور اردو زبان میں درستی و روانی سے گفتگو کر سکتا ہے۔

تحریر تاریخ ماہ سنہ

دستخط تصدیق کنندہ

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۳ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب درباره تبادلہ نوکھی لال کمپاؤنڈر شفاخانہ پیچ کا بجائے عاشق حسین کمپاؤنڈر شفاخانہ اسٹاف کے اور عاشق حسین کمپاؤنڈر کا تبادلہ شفاخانہ اسٹاف سے بجائے

اوکھی لال کمپاونڈر کے یکم مئی ۱۹۲۹ء سے -

حکم

حسب یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب - عاشق حسین و اوکھی لال کمپاونڈران کا تبادلہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۷ مئی ۱۹۲۹ء

بہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب - درباره منظوری رخصت مزید رعایتی یکماہ من ابتدا یکم مئی ۱۹۲۹ء لغایۃ آخر مئی ۱۹۲۹ء ڈاکٹر کاظم علی اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ ملک بوجہ بیماری و تقرری الاونس پانچ روپیہ ماہوار ایام رخصت میں مسمی علی احمد کمپاونڈر کا -

حکم

ڈاکٹر کاظم علی متعینہ شفاخانہ ملک کی رخصت رعایتی مزید یکماہ یکم مئی ۱۹۲۹ء سے بوجہ بیماری منظور ہے - ایام رخصت میں علی احمد کمپاونڈر کو پانچروپیہ ماہوار الاونس ملیگا - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۷ مئی ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے عبدالمجید مڈل پاس کا تقرر مدرسہ ... تحصیل بلاسپور میں بمشاہرہ ... ماہوار امتحاناً برائے چند ماہ کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیعات

۱۰ مئی ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسان ذیل کی ملازمت غیر مستقل میں توسیع کی گئی - حشمت حسین مدرس مدرسہ ... تحصیل ... مئی سے آخر اکتوبر ۱۹۲۹ء تک

محمد صادق مدرس مدرسہ ... تحصیل سوار ... سے آخر اکتوبر ۱۹۲۹ء تک -

احمد حسن مدرس مدرسہ ... تحصیل بلاسپور ... مئی سے آخر اکتوبر ۱۹۲۹ء تک

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۷ مئی ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - مدرسان ذیل کو یکم مئی ۱۹۲۹ء سے مستقل کیا گیا
عبدالحق نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بنجال پرگنہ سوار - نتھی رام مدرس مدرسہ گھلو تحصیل ملک
نظیر خان مدرس اول مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور - سالک حسین مدرس مڈل اسکول -

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیعات

۷ مئی ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - مدرسان ذیل کی ملازمت غیر مستقل میں یکم مئی ۱۹۲۹ء سے چند چند ماہ کی توسیع کی گئی -
ارشد علیخان مدرس مدرسہ چمروہ پرگنہ حضور تحصیل -
کلن مدرس مدرسہ بنگیا تحصیل سوار -
امیر دولہ مدرس مدرسہ خضرپور پرگنہ حضور تحصیل -
شیوراتن انگلش ٹیچر مدرسہ تحصیلی سوار -
محمد ولی خان مدرس اول مدرسہ تحصیلی ملک -
سونو علی مدرس مدرسہ ... تحصیل بلاسپور -
حسین رضا خان مدرس مدرسہ گودی تحصیل بلاسپور -
محمد اسحاق نائب مدرس مدرسہ تحصیلی ملک -
بھوکن لال مدرس مدرسہ مڈل

لہذا حکم ہے

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۱۲ مئی ۱۹۲۹ء

رام چیال مدرس مدرسہ مڈل غیر مستقل ملازم ہے جس کی مدت ملازمت آخر اپریل ۱۹۲۹ء کو ختم ہوگئی - لہذا نامبردہ کا نام خارج کیا جاوے - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس جناب صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی محمد یار خان محافظ خانہ مدد گار بر دستخط رکھی تنخواہ ۔

حکم

محمد یار خاں کی تنخواہ کم ہے اور کام زیادہ ہے نگر جدید دور مہ ہے۔ اگر بلحاظ سر انجامی ملازمت باصلوبی ایک روپیہ اضافہ یکم مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے حسب تحریک سررشتہ دار صاحب صدر دیا جاتا ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۷ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد دربارہ رخصت یک یوم و چار یوم بقدر دو یوم محمد علیخان گرداور تحصیل شاہ آباد و بدلہ بلاسپور بوجہ علالت جو بجائے چندر رمال سنگھ نائب دفتر اردو تحصیل تبدیل ہوا ہے۔

حکم

محمد علیخان گرداور علالت کیوجہ سے اپنی جگہ جدید تحصیل بلاسپور نہیں پہونچ سکا ہے اور تحصیلدار صاحب بلاسپور کی کوئی رپورٹ بھی ابتک نہیں آئی کہ کیا انتظام کیا گیا ہے کیونکہ چندر رمال سنگھ بلاسپور کا چارج دیکر آگیا ہے۔ اب محمد علیخان بقدر دو یوم رخصت چاہتے ہیں جو بوجہ علالت و تصدیق ڈاکٹری بدیں صورت منظور کیجاتی ہے کہ ایام رخصت کی نصف تنخواہ مبلغ اٹھارہ روپیہ محمد علیخاں کو دیجائیگی اور نصف تنخواہ نیز تحصیلدار صاحب بلاسپور نے کسی امیدوار سے کام لیا ہوگا اس امیدوار کو دلائی جائیگی جس سے کام لیا گیا ہے۔ لہذا احکام جاری ہوں اور تحصیلدار صاحب بلاسپور سے رپورٹ طلب ہو۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس جناب صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۷ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

(۱) اپیل ہائے و نگرانی ہائے سامنے ایسی قسم کے متعلق ایسے پیش ہوتے ہیں کہ جن کا فیصلہ ابتدائی بوجہ کم از سو روپے ہونے کے تحصیلدار صاحبان نے باختیار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم موافق جو فہرست جماعت الف کے کیا تھا اور انکا اپیل اول بعدالت دائر ہو باختیارات کلکٹر فیصل ہوا تھا اس فیصلہ اپیل اول کی ناراضی سے دیگر صاحب صدر نے اپیل دوم سماعت کرکے فیصل کیا جو حد اختیارات سے باہر تھا کیونکہ مقدمات مذکورہ کا فیصلہ اپیل اول باختیارات کلکٹر ناطق ہوگیا تھا البتہ اسکی نگرانی بابت دفعہ ۱۰۵ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر میں یا اپیل موافق دفعہ ۱۰۰ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء عدالت جج میں ہو سکتا تھا۔ ان مقدمات میں حسب خواہش فریقین متعلق محکوم ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء کے اختیارات نافذ کرنا پڑے مگر چارہ کے لیے آئندہ حکام ماتحت کے لیے ہدایت کی ضرورت ہے۔ لہذا حسب ذیل ہدایت جاری کی جاتی ہیں۔

(۱) جس مقدمہ کی سماعت کے متعلق فہرست حرف الف مالیتی کم از سو روپیہ کے تحصیلدار صاحبان نے بحیثیت کلکٹر درجہ دوم کی ہو اسکا ایک اپیل باختیارات کلکٹر دائر ہو کر فیصلہ ناطق ہو جاتا ہے۔ اگر اب بھی کوئی اپیل دوم اس قسم کا حاکم صاحب صدر کے اجلاس میں دائر ہو تو اسکے متعلق قانونی کارروائی کرنا چاہیے اور فیصلہ حد اختیار سے باہر نہ دیا جائے۔

(۲) جس مقدمہ کی سماعت فہرست الف کے فرد دوم یا فہرست (ب) کے موافق تحصیلدار صاحبان نے بحیثیت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کے ہو ایسی نالشات میں عدالت اپیل کے لیے انکا فیصلہ ناطق ہے۔ صرف نگرانی زیر دفعہ ۱۰۵ اجلاس بورڈ آف ریونیو میں یا اپیل جج میں کیا جا سکتا ہے۔ حاکم صاحب صدر کو ایسے اپیل سماعت کرنے میں غور کرلینا چاہیے۔

(۳) تحصیلدار صاحبان کو عنوان فیصلہ میں اپنے اختیارات کی حیثیت کہ آیا وہ بحیثیت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم فیصلہ دے رہے ہیں یا بحیثیت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سماعت کررہے ہیں تحریر کردینا چاہیے تاکہ دائرہ اپیل ہائے میں غلط فہمی متعلقین کو واقع نہ ہوا کرے۔ اور ہمارے اجلاس میں وقت بھی اس قسم کی فروگذاشتوں کا خرچ کم ہوجائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ذریعہ نقول روبکار ہذا جملہ تحصیلدار صاحبان و حاکم صاحب صدر کو اطلاع دیجائے۔ ایک نقل درج گزٹ کردیجائے تاکہ وکلا بھی آگاہ ہو جائیں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ دویم ماہ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار ۸ ار		۷ ار				
نخود خالص	۹ ار		۹ ار				
نخود کسرا آمیز	۷ ار		۸ ار				
جو	۷ ار ۸ ار		۸ ار				
ماش	۳ ار ۵ ار		۵ ار				
مونگ	۳ ار ۳ ار		۳ ار				
مکا	۸ ار		.				
جنی	۱۱ ار ۱۱ ار		۱۰ ار				
کنگنی	۱		۵ ار				
عدس	۷ ار		۷ ار				
ارہر	۸ ار		۷ ار				
برنج	۳ ار ۵ ار		۳ ار				
روغن زرد	[illegible]		[illegible]				
روغن سیاہ	[illegible]		۱ ار				
روغن کنجد	۷ ار		۱ ار				
نمک سانبھر	۱۲ ار		۱۲ ار				
نمک لاہوری	۶ ار		۶ ار				
قند سیاہ	۷ ار ۳ ار		۲ ار				دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
قند سپید	۵ ار		.				

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ششماہی اول من ابتدائے اکتوبر لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۹ء

نام موضع	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد غیر مسلم	عورت مسلمان	عورت غیر مسلم	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	غیر مسلم	ایک سال تک: مرد	عورت	ایک سال کو ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال کی زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	غیر مسلم	تفصیل امراض							میزان	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۸
کوتوالی	۱۹۳	۳۹	۱۰۵	۳۳	۳۵۱	۲۶۹	۸۲	۴۶	۳۸	۷	۱۲	۱۱۵	۱۰۵	۱۶۸	۱۵۵	۲۲۴	۹۹	۰	۳	۰	۳۲۰	۱	۰	۰	۳۲۳	
[illegible]	۲۸	۱۶	۴۲	۹	۲۲۵	۲۰۰	۲۵	۳۹	۳۳	۱	۲	۸۰	۶۳	۱۳۰	۱۱۲	۲۱۶	۲۶	۰	۱۶	۰	۲۲۵	۰	۰	۰	۲۴۲	
[illegible]	۶۰	۱۰۰	۷۲	۵۹	۳۰۹	۱۹۰	۱۱۹	۱۱	۱۹	۴	۳	۷۰	۳۵	۹۳	۵۸	۷۷	۴۳	۰	۰	۰	۱۵۰	۰	۰	۰	۱۵۰	
[illegible]	۱۱۰	۱۰۵	۸۳	[illegible]	۳۷۳	۱۹۳	۱۸۰	۳۰	۳۰	۹	۸	۱۲۳	۴۰	۱۶۲	۱۰۸	۱۵۳	۱۱۶	۰	۰	۰	۲۴۰	۰	۰	۰	۲۴۰	
[illegible]	۹۰	۲۱۱	[illegible]	۱۹۰	۵۶۸	۱۰۲	۴۶۶	۵۵	۳۹	۱۹	۱۶	۱۲۰	۴۳	۱۸۴	۱۲۸	۱۱۳	۱۹۹	۰	۰	۰	۲۵۴	۰	۰	۵۸	۳۱۲	
[illegible]	۹۲	۲۳۴	۴۳	۱۲۶	۴۹۵	۱۰۵	۳۹۰	۲۹	۳۳	۳	۲	۵۷	۶۵	۹۰	۱۶۲	۳۷	۱۵۵	۰	۰	۰	۱۹۲	۰	۰	۰	۱۹۲	
[illegible]	۹۰	۴۲۶	۳۰	۳۵۴	۸۹۲	۱۲۷	۷۶۵	۸۳	۴۹	۸	۴	۱۵۱	۱۲۳	۱۴۲	۱۹۶	۷۱	۳۶۷	۰	۳	۴۳۲	۳	۰	۰	۰	۴۳۸	
[illegible]	۸۵	۹۱	۵۹	۵۰	۲۹۲	۱۴۴	۱۴۸	۹۳	۵۴	۱۳	۲۲	۱۲۶	۱۲۰	۲۴۲	۱۹۲	۲۴۲	۱۹۲	۰	۰	۴۴۴	۴	۰	۰	۰	۴۴۸	
[illegible]	۸۳	۱۴۹	۵۱	۱۲۹	۴۲۷	۱۲۵	۳۰۲	۳۱	۲۵	۷	۸	۱۰۳	۹۰	۱۴۷	۹۳	۱۰۲	۱۳۸	۰	۰	۲۳۷	۱	۲	۰	۰	۲۴۰	
سوار	۵۸	۵۰	۵۵	۴۰	۲۲۸	۱۱۳	۱۱۵	۴۰	۱۳	۲۲	۱۳	۱۱۱	۸۲	۱۷۳	۱۴۰	۱۸۸	۱۲۵	۰	۴	۰	۲۹۳	۰	۰	۱۶	۳۱۳	
[illegible]	۱۶۹	۱۰۱	۱۱۰	۸۳	۴۶۳	۲۷۸	۱۸۴	۴۳	۴۵	۱۵	۱۳	۱۲۲	۱۱۱	۲۳۳	۱۸۸	۲۳۳	۱۰۸	۱	۰	۰	۴۰۳	۰	۰	۱۷	۴۲۱	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲	۲۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۹۱	[illegible]	